
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : شاہین عزیز
کلاس 5 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- یہ ٹیچرز گائیڈ کلاس 5 کے طباء کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اپنی کلاس کے بچوں کی ذہنی صلاحیت کو مدنظر رکھ کر اس میں ردوبدل کر سکتی ہیں۔

جنگل جنگلی جانوروں کے رہنے کی قدرتی جگہ ہے۔ مگر انسان اپنے فائدے کے لئے ان جانوروں کو ان کے اس حق سے محروم کر رہے ہیں۔ یہی بات سمجھانا اس کہانی کو لکھنے کا مقصد ہے۔

## سیشن 1

20 منٹ

- کتاب کی پڑھائی سے پہلے ٹیچر کلاس میں بچوں سے جنگلی جانوروں کے نام پوچھیں۔ ہو سکتا ہے بچے مندرجہ ذیل چند نام بتائیں۔

بندر۔ لومڑی۔ بارہ سنگھا۔ شیر۔ چیتا۔ تیندوا۔ ریچھ۔ بھیڑیا۔ ہاتھی وغیرہ۔

اب ان سے پوچھیں کہ ان جانوروں میں سے گوشت خور کون سے ہیں۔ (بچوں کو بتائیں کہ ہاتھی جنگلی جانور تو ہے اور خونخوار بھی ہو سکتا ہے مگر وہ گوشت خور نہیں ہے۔)

ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ درندہ کسے کہتے ہیں؟ (''درندہ'' عام طور پر چیر پھاڑ کرنے والے گوشت خور جانور کو کہا جاتا ہے) -اب پوچھیں کہ

- مچھلی کیسے پکڑی جاتی ہے؟ (وہ کہیں گے ''کانٹے ڈوری سے اور جال سے'')۔

بات کو آگے بڑھاتے ہوئے ان سے پوچھیں کہ جال سے اور کیا کیا پکڑا جاتا ہے؟ (بچے جو بھی جواب دیں ان سے کہیں کہ آئیے کتاب جال پڑھتے ہیں۔

ٹیچر کہانی جال پڑھ کر سنائیں اور ساتھ ساتھ سمجھاتی بھی جائیں۔

25 منٹ

- پڑھائی کے بعد مندرجہ ذیل سوال زبانی پوچھیں۔

(1) شیر اداس کیوں تھا؟

(2) آخری جملہ ہے''وہ سنہری آنکھیں اب بھی اس بوڑھے درخت کے نیچے میرا انتظار کر رہی ہوں گی۔''

(3) یہ جملہ کس کے بارے میں ہے؟ کیوں کہا گیا ہے؟

ٹیچر شیر کے بارے میں بتائیں یہ افریقہ اور ہندوستان کا جانور ہے۔ اب اس کی تعداد کم ہوتی جا

رہی ہے۔ شیرنی اپنے بچوں کو پالتے وقت بہت خطرناک ہو جاتی ہے۔ افریقہ میں شیر کو ''سمبا'' کہتے ہیں۔ شیر اپنے شکار پر لمبے فاصلے سے چھلانگ مارتا ہے۔ ایک ہی وار میں اس کی گردن دانتوں میں لے کر اس کا سر پیچھے جھٹک دیتا ہے۔ (یعنی جھٹکا دیتا ہے) جس سے شکار کی ریڑھ کی ہڈی ٹوٹ جاتی ہے۔

(طلبا ٹی وی پر مختلف فلمیں دیکھتے ہیں ان سے ان فلموں کے نام معلوم کریں۔ پھر وہ شیر کے بارے میں دیکھی فلموں کے قصے خود سنائیں)۔ طلبا کو شیر اور چوہے کی کہانی سنائی جا سکتی ہے جس میں شیر جال میں پھنس گیا تھا اور چوہے نے اس جال کو کتر کر اس کی جان بچائی تھی۔ کہانی اس شعر کے ساتھ ختم کر سکتے ہیں کہ

نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں
کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں

## گھر کا کام

- بچے جنگلی جانوروں کی تصویریں جمع کریں۔ کتاب میں سے کم از کم 10 نئے الفاظ اور ان کے معنی لغت میں دیکھ کر کوپی میں لکھیں۔

## سیشن 2

15 منٹ
- کم از کم پانچ بچوں سے الگ الگ کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔ ان میں کچھ بچے ایسے بھی ہوں جن کی پڑھائی اتنی بہتر نہیں ہے۔

30 منٹ
- آج پھر نئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے انہیں کوپی میں نقل کریں اور پھر ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

پنجرا۔ تقریباً۔ کنبے۔ جنگلی۔ شکاری۔ چنگھاڑا۔ دھاڑا۔ ترکیبیں۔ جنگلا۔ سنہری۔

## گھر کا کام

- اگر کام کلاس میں مکمل نہ ہو پائے تو بچے گھر سے کر کے لائیں۔

## سیشن 3

10 منٹ
- کچھ بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

35 منٹ
- آج ٹیچر چند الفاظ کتاب سے نکال کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔ بعد میں ٹیچر خود ترجمہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنے کئے ہوئے کام کو چیک کریں۔

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| سفر | travel | شوق | desire |
| تقریباً | approximately | اکثر | often |
| ٹلنا | postpone | زوردار | powerful |
| دستہ | handle | فوراً | at once |
| فیصلہ | decision | بچھڑنا | to be separated |
| مسلسل | continuously | ناممکن | impossbile |
| رہائی | release | کوشش | effort |
| مجبور | helpless | | |

## گھر کا کام

- بچے گھر سے ایک صفحہ لکھ کر لائیں کہ شکار کرنا کیسی بات ہے۔

## سیشن 4

15 منٹ
- جال مچھلیاں پکڑنے کے علاوہ چڑیاں پکڑنے کے لئے بھی لگایا جاتا ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ ہمیں

پرندوں اور جانوروں کو آزاد چھوڑنا چاہئے۔ اپنے شوق کی خاطر انہیں پکڑ کر قید نہیں کرنا چاہئے۔

بچوں سے پوچھیں

- شیر کا شکار کیوں کیا جاتا ہے؟ (اس سوال کے مختلف جوابات ہو سکتے ہیں جو یہاں دیئے گئے ہیں۔ جواب پہلے بچوں کو دینے دیں۔ آپ خود نہ بتائیں۔ اگر آپ کے پاس لکھے ہوئے سارے جوابات وہ نہ دے سکیں تو پھر آپ ان کی رہنمائی کریں۔)

(1) سرکس میں تماشے کے لئے۔

(2) اس کی کھال سے گرم کوٹ وغیرہ بنتے ہیں۔

(3) کھال گھروں میں بھی سجائی جاتی ہے۔

(4) شکار کرنے والے شیر کو بیچ کر روپیہ کماتے ہیں۔

(5) ان کی چربی مختلف کاموں میں استعمال ہوتی ہے۔

(6) شیر چونکہ ایک درندہ ہے۔ اس لئے کبھی کبھی انہیں انسان اپنی حفاظت کی خاطر بھی شکار کر کے مار دیتا ہے۔

(7) تفریحاً مارا جاتا ہے۔

- ٹیچر یہاں شیر افگن کے بارے میں مشہور واقعہ سنائیں کہ مغل بادشاہ اکبر اپنے ساتھیوں کے ساتھ جنگل شکار کرنے گئے۔ وہاں ایک شیر نے بادشاہ پر حملہ کر دیا۔ ان کے ساتھ یہ دیکھ کر ڈر گئے مگر وہاں قریب ہی موجود ایک عام سے آدمی نے شیر پر چھلانگ لگا دی۔ اس سے مقابلہ کیا اور اسے مار دیا۔ بادشاہ نے اس کی بہادری دیکھتے ہوئے اسے ''شیر افگن'' کا لقب دیا۔

30 منٹ

- اب بچوں سے پوچھیں انہوں نے شیر کہاں کہاں دیکھا ہے؟ ان جگہوں کے نام اپنی کوپیوں میں لکھیں۔ مثلاً (چڑیا گھر۔ سرکس۔ ٹی وی۔ فلم۔ رسالوں میں)

بچوں سے پوچھیں کہ جنگلی جانوروں کا شکار کیوں منع ہے؟ وہ جو بھی جواب دیں، ٹیچر غور سے سنیں۔ ساتھ ساتھ ان کی رہنمائی ضرور کریں۔

انہیں بتائیں کہ کچھ لوگ صرف اپنے شوق کی خاطر جنگلی جانوروں کا شکار کرتے ہیں یعنی انہیں مار دیتے ہیں۔ ان پر پیر رکھ کر تصویر کھنچواتے ہیں۔ یہ تصویریں اپنے گھروں میں لگاتے ہیں۔ شیر کی

کھال بھی گھروں میں دیواروں پر سجائی جاتی ہے۔ شیر کا منہ اور دوسرے بہت سے جانوروں مثلاً بارہ سنگھا' ہرن وغیرہ کا منہ stuff کروا کر یعنی ان میں بھوسہ بھروا کر بھی گھروں' ہوٹلوں میں سجایا جاتا ہے۔ لیکن آج کل ماحولیاتی اداروں نے جانوروں کے شکار پر پابندی لگا دی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ تمام جانور ختم ہوتے جا رہے ہیں اور ان کی نسلوں کی حفاظت کے لئے قانون بنائے گئے ہیں۔ پابندی نہ کرنے پر سزا بھی ملتی ہے۔

## گھر کا کام

- بچے کسی بڑے سے بات کر کے چند اور جانوروں کے نام معلوم کریں جن کی نسلیں ختم ہونے کا ڈر ہے۔ (Blind Dolphin' ریچھ' ہرے کچھوے' برفانی چیتا' مشک ہرن' لنگور' کالا ہرن مارخور' وغیرہ وغیرہ)۔

چند ہتھیاروں کے نام لکھ کر لائیں جو جانوروں کے شکار کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ ٹیچر کی مدد کے لئے چند ہتھیاروں کے نام دیئے جا رہے ہیں۔

بندوق۔ چاقو۔ چھرا۔ کلہاڑی۔ پستول۔ ڈنڈا۔ تیر۔

## سیشن 5

- چند جانوروں کے مونث بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ 20 منٹ

| مذکر | مونث | مذکر | مونث |
|---|---|---|---|
| شیر | شیرنی | کبوتر | کبوتری |
| ہاتھی | ہتھنی | اونٹ | اونٹنی |
| لومڑ | لومڑی | مور | مورنی |
| ریچھ | ریچھنی | مرغا | مرغی |
| ناگ | ناگن | بکرا | بکری |
| گدھا | گدھی | چوہا | چوہیا |
| گھوڑا | گھوڑی | | |

25 منٹ

- بچے جب مونث مذکر کر چکیں تو ان سے کہیں کہ اپنی کوپیوں پر مندرجہ ذیل کام کریں۔

اس کہانی میں شیرنی کا نام ریشمی ہے اور بچوں کے نام چمک اور دمک ہیں۔ اگر آپ یہ کہانی لکھتے تو شیر' شیرنی اور ان کے بچوں کے کیا نام رکھتے؟ اپنی پسند کے نام لکھیں۔ ان ناموں کے ساتھ ایک چھوٹی سی کہانی بھی لکھیں۔

## گھر کا کام

- جب کبھی آپ تنہا ہوتے ہیں تو زیادہ کس کس کو یاد کرتے ہیں یا ہو سکتا ہے کبھی آپ اکیلے (اپنے گھر والوں کے بغیر) کسی کے گھر گئے ہوں' آپ نے وہاں کچھ وقت گزارا ہو۔ بتایئے آپ نے اپنے گھر کی کیا کیا باتیں یاد کیں؟

## نوٹ

- اس ٹیچرز گائیڈ میں دو ورک شیٹ دی جا رہی ہیں۔ ٹیچر ان کی فوٹو کوپی کر کے یا انہیں بورڈ پر اتار کر بچوں سے متعلقہ کام کروائیں۔

# ورک شیٹ نمبر 1

• جانوروں اور ان کی بولیوں کو تیر کے نشان سے ملائیے۔

| | |
|---|---|
| (1) شیر | چہچہانا |
| (2) ہاتھی | ممیانا |
| (3) کتا | چنگھاڑنا |
| (4) چڑیا | بھونکنا |
| (5) مرغا | دھاڑنا |
| (6) سانپ | ہنہنانا |
| (7) گھوڑا | کڑکڑانا |
| (8) کوئل | پھنکارنا |
| (9) بکری | کوکنا |

# ورک شیٹ نمبر 2

• دیئے گئے الفاظ میں سے مناسب لفظ چن کر خالی جگہ پر کریں۔

کچھار۔ جالا۔ چھتہ۔ گھونسلہ۔ بل۔ بھٹ۔

(1) مکڑی کے گھر کو ______________ کہتے ہیں۔

(2) ریچھ کے گھر کو ______________ کہتے ہیں۔

(3) شہد کی مکھی کے گھر کو ______________ کہتے ہیں۔

(4) چڑیا کا گھر ______________ کہلاتا ہے۔

(5) سانپ اپنے ______________ میں رہتا ہے۔

(6) شیر کا گھر ______________ کہلاتا ہے۔

(7) چوہا اپنے ______________ میں رہتا ہے۔

# جال

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale